## مقدس جسٹن شہید

سیراخ 25-15:42 زبور:23

مقدس مرقس 52-46:10

### ''وہ اپنا کپڑا پھینک کر اُچھل پڑا اور یسوع کے پاس آیا''۔ مقدس مرقس 50:10

اے خداوند یسوع آج تُو مجھے اپنے پاس بلا رہا ہے۔ تیری آواز میں کتنی محبت ہے۔ برتلمائی نابینا کی طرح مَیں بھی پاؤں پر اُچھل کھڑا ہونے کے لئے اپنے خیالات، احساسات جو کہ مجھے اپاہج بنائے ہوئے ہیں اُنہیں چھوڑ کر تیرے پاس آتا ہوں مَیں تجھ پر بھروسہ کرتا اور تیرے کلام پر جو تُو میرے منہ میں ڈالتا ہے اس میں زندہ رہوں گا تو میں بھی باپ کی محبت کا نور دیکھونگا۔





## مقدس مارسیلنیس اور پطرس

سیراخ 13-9,1:44 زبور: 149

مقدس مرقس 26-11:11

### ''خدا پر ایمان رکھو'' مقدس مرقس 22:11

رسول حیرت زدہ نہیں کہ کس طرح ان کے اُستاد کی خواہش کو پذیرائی ملی ہے۔ایک بے پھل درخت سوکھ گیا ہے۔ یسوع چاہتا ہے کہ وہ اپنی زندگی کے چھوٹے چھوٹے معاملات میں بھی باپ کی حضوری اور اس کی محبت کا ادراک کرے اس لئے اُنہیں خدا پر ایمان رکھنے کی دعوت دیتا ہے اور اس ایمان کا ٹھوس ثبوت بھائیوں کو معاف کرنے میں ہوگا۔

## لوہانگا کا مقدس چارلس اور ساتھی

سیراخ 51-12-20 (27-17) زبور: 18

مقدس مرقس 33-27:11

### ”میں خداوند کے گیت گاؤنگا اور اس کے نام کو مُبارک کہونگا“۔ مقدس مرقس 12:51

اور جلد ہی پرانے عہد نامہ کی مقدس روح اپنی احساس مندی کا مقصد بیان کرتا ہے۔خداوند نے اسے حکمت کی خواہش کرنے اور اسے پا لینے کی نعمت دی ہے۔اور اس کے سبب سے خوشی کی کثرت حاصل کی ہے۔خدا کی پسند کو پا لینا اور اس کے مطابق زندگی بسر کرنا ہی درحقیقت زندگی کا سر چشمہ ہے۔اپنے بچوں کو سچائی کے راستے پر گامزن کرنا اور برائی سے بچانا ہے۔





## پاک تثلیث کی عید

خروج 9-8,6-4:34 زبور (دانیال) 56-52:3

2 قرنتیوں 13-11:13 مقدس یوحنا 18-16:3

### ”خدا نے دُنیا کو ایسا پیار کیا“۔مقدس یوحنا 16:3

آج ہم اپنے خداوند کی عید منائیں۔ جو کہ باپ ، بیٹا اور روح القدس ہے۔ وہ خود کو محبت کی کمیونٹی کے طور پر پہچان کرواتا ہے۔

اَور مزید ہمیں بھی اپنی بھرپوری میں شامل کرنے کے لئے اس نے ہمیں نہ صرف خلق کیا بلکہ گناہوں سے مخلصی بخشی اور کلیسیاء میں شامل کیا ہے۔

اے اقدس تثلیث میرا خاندان تیرا شکریہ

## مقدس بونیفس

**طوبیاہ 1:3,2:1-8** **زبور:111**

**مقدس مرقس 12:1-12**

### ’’کیونکہ وہ سمجھ گئے تھے کہ وہ الفاظ اس نے ان کے خلاف کہے تھے‘‘ مقدس مرقس 12:12

خداوند یسوع مسیح تمثیلوں میں گفتگو کرتے ہوئے کاہنوں، سرداروں اور بزرگوں کو سمجھاتا تھا کہ وہ ان کے اس قتل کرنے کے منصوبوں سے واقف تھا۔ یہ پاک کلام میں بھی پہلے سے مرقوم تھا۔ اس طرح خدا نے ہماری نجات کا ایک پُر اسرار راستہ چنا تھا۔ سب کچھ باپ کی مرضی کو پورا کرتے ہوئے آدمیوں کے ہاتھوں قربان ہو کر محبت کا سبق دیتا ہے۔

اے خداوند یسوع مسیح میرے نجات دہندہ تیرا شکریہ۔





## مقدس نوربرٹ

**طوبیاہ 2:9-14** **زبور:111**

**مقدس مرقس 12:13-17**

### ’’وہ اُس پر بڑے متعجب تھے‘‘۔ مقدس مرقس 12:17

اے خداوند یسوع مسیح باپ کو صلیب پر خود کا نذرانہ دینے کا شکریہ۔ ہم بھی تیرا جلال بیان کر سکتے ہیں۔ تیرے بے حد پیار کے لئے ہم بھی تجھے پیار کرتے ہیں۔

**طوبیاہ 3:1-11,16-17 زبور 24**

**مقدس مرقس 12:18-27**

**"وہ مُردوں کا نہیں زندوں کا خدا ہے"۔ مقدس مرقس 12:27**

اے قدوس باپ ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں کہ تو ہمیں ہمیشہ اپنے دل میں رکھتا ہے۔ یسوع ہمیں اس کا یقین دلاتا ہے۔ ہم ہمیشہ تیرے لئے زندہ رہیں گے۔ یہ یقین ہمیں خوشی، امن، تحفظ اور ہمیشہ پیار کرنے کی طرف آمادہ کرتا ہے۔ اگرچہ ہماری زندگی خطرے میں بھی کیوں نہ ہو۔





**طوبیاہ 6:10-11;7:17;8:4-9 زبور:127**

**مقدس مرقس 12:28-34**

**"تم خداوند کی بادشاہی سے دور نہیں ہو"۔ مقدس مرقس 12:34**

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکر یہ کہ مَیں نے تیری آواز کو سننا سیکھ لیا ہے اور مشکل حالات میں "جلال باپ اور بیٹے اور روح القدس کا ہو" کہنا سیکھ لیا ہے۔ میں خود کو تیری اس نرالی بادشاہی کا جس میں کہ محبت کارفرما ہے۔ ایک حصہ محسوس کرتا ہوں کیونکہ جب کبھی محبت کرنا بھول جاتا ہوں تو میں دیکھتا ہوں کہ ابھی تک اس بادشاہی سے باہر ہوں۔ لیکن ہمیشہ دور نہیں کیونکہ تو اپنا ہاتھ میری طرف بڑھا کر مجھے واپس بُلاتا ہے۔

## شام کا مقدس افرائیم سر پا

**طوبیاہ 11:5-18** **زبور: 145**

**مقدس مرقس 12:35-37**

**”فقیہ یہ کیونکر کہتے ہیں کہ المسیح داؤد کا بیٹا ہے؟ مقدس مرقس 12:35**

اے خداوند یسوع انجیل تجھے متعارف کرواتی ہے جب تو ہیکل میں تعلیم دے رہا تھا۔ اور یہ بتاتی ہے کہ ہجوم تجھے خوشی سے سنتا تھا۔ تیرا شکر یہ کہ تو ہمیں یہی خوشی عطا کرتا ہے۔ جب ہمارے چرواہے اسی روح میں تیرا کلام سکھاتے ہیں۔





**طوبیاہ 12:1,5-15,20 زبور (طوبت) 13:2,7-8**

**مقدس مرقس 12:38-44**

**”خیرات موت سے بچاتی ہے اور ہر گناہ سے پاک کرتی ہے“۔ مقدس مرقس 12:9**

اے باپ تیرا شکر ہو کہ تو ہمیں گناہ سے پاک ہونے کے بہت سے طریقے مہیا کرتا ہے۔ خیرات دینا ان میں سے ایک طریقہ ہے۔ کیونکہ یہ یسوع کی محبت ہے۔ اس لئے محبت میں شرکت جو چھوٹوں اور غریبوں کے لئے ہے۔ یہ محبت تیرے قریب لے جاتی ہے۔ اور تیرے دل میں جگہ دیتی ہے۔

## یسوع کے پاک بدن اور خون کی عید

**تثنیہ شرع 8:2-3,14-16** — **زبور:147**

**1 قرنتیوں 10:16-17** — **مقدس یوحنا 6:51-58**

**’’جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خون پیتا ہے۔ وہ مجھ میں رہتا ہے‘‘۔ مقدس یوحنا 6:56**

خداوند یسوع مسیح کا یہ ظہور ہمیں یوخرست کی قربانی منانے اور اس میں شریک ہونے کا خواہش مند بناتا ہے۔ یہی خداوند یسوع مسیح کا بدن کھانے کو دیا جاتا ہے۔ یہی ہر پاک ماس کی خوبصورتی اور عظمت ہے۔ یہ نہیں دیکھیں گے کہ کون ہے اور کون نہیں۔ چرچ کی خوبصورتی، پریسٹ کی عمر، بلکہ خداوند یسوع مسیح میں ہونے کی خواہش ہمارا واحد مقصد ہے جو ہمیں اس طرف کھینچتا ہے۔





**2۔قرنتیوں 1:1-7** — **زبور:33**

**مقدس متی 5:1-12**

**’’رحم دل مُبارک ہیں‘‘۔ مقدس متی 5:7**

مقدس متی کی انجیل کو دوبارہ پڑھنا شروع کریں جو ہمیں اس کلام کا تحفہ دیتا ہے۔ وہ مُبارک ہیں۔ یعنی خدا کے قریب نہیں۔ جو مسکینوں کے لئے دِل رکھتے ہیں بلکہ وہ باپ کی مانند ہیں جو اپنے امن اور خوشی سے ہمارے دِل کو بھر دیتا ہے۔

## انتھونی آف پادوا

**2۔قرنتیوں 1:18-24** **زبور:118**

**مقدس متی 5:13-16**

**"وہی خدا ہے اس نے ہمیں مسح کیا ہے"۔2۔قرنتیوں 1:21**

مقدس پولوس رسول یہ راز ہمارے سپرد کرتا ہے۔ خدا باپ ہمیں خداوند یسوع مسیح پیار کرنے کے لئے دیتا ہے اور اس بیٹے کی روح ہم میں ڈالتا ہے۔ لفظ مسح ساری اچھائی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ نازک اور مضبوط جو روح القدس اپنی موجودگی سے تبدیل کرتا ہے۔ ہم روح القدس کو سب سے زیادہ استحکام کے خوشبودار تیل کرسمہ اور بپتسمہ سے حاصل کرتے ہیں۔





**2۔قرنتیوں 3:4-11** **زبور:98**

**مقدس متی 5:17-19**

**"میں منسوخ کرنے کو نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں"۔ مقدس متی 5:17**

پرانے عہد نامہ میں خدا کا کلام ایک وعدہ ایک نور اور نجات ہے۔ بیٹا اسے منسوخ نہیں کرتا بلکہ اور خوبصورت اور مضبوط بنا کر اس کی تکمیل کرتا ہے۔ اسی کی وساطت سے وہ زندگی، خوشی اور فضل بن جاتی ہے اس کا شکر ہو کہ اس نے کس طرح اس کے مطابق زندگی گزری، اسے سمجھیں، پیار کریں اور اس کے مطابق زندگی بسر کریں۔

2۔قرنتیوں 6-3,1:4,15:3 — زبور:84

مقدس متی 26-20:15

**''اپنے مُدعی سے جلد میل کر''۔مقدس متی 25:5**

اپنے مُدعی سے صلح کرنے کے لئے کیا واقعی ہمیں اس کے ساتھ تصفیہ کرنا چاہیے۔نہیں۔حقیقی مُدعی حلیمی برداشت نہیں کرتا۔ہم حلیم ہوں گے تو دشمن ہمیں چھوڑ دے گا۔





## یسوع کے پاک دل کی عید

تثنیہ شرع 11-6:7 — زبور:102

1۔یوحنا 16-7:4 — مقدس متی 30-25:11

**''اے سب تھکے ماندو!میرے پاس آؤ''۔مقدس متی 28:11**

اے خداوند یسوع مسیح ہم تیرے پاس آتے ہیں ہم سچ مچ تھکے اور بوجھ سے دبے ہوئے ہیں۔دُنیا کا گناہ اور خود ہمارا اپنا گناہ جس نے ہمیں دبایا اور کُچلا ہوا ہے اس سے بچنے کے لئے تو ہی ہمارا سہارا ہے۔اس وقت سے جب سے تُو باپ کی محبت پر چلتا اور ہمیں بخشتا رہا۔

## مُبارک مقدسہ ماں کا پاک دِل

**2۔قرنتیوں 5:14-21** **زبور:102**

**مقدس متی 5:33-37**

**"تیسرے دن اسے ہیکل میں پایا" مقدس لوقا 2:46**

مقدسہ مریم کا بیداغ دل انہیں حالات میں پایا گیا جن حالات میں سے آج کلیسیاء گزر رہی ہے۔ بیٹے کی جدائی کا غم اور پھر اسے دوبارہ پا لینے کی خوشی، اس کی اذیت اور اسی کا جی اُٹھنا یسوع کے ہیکل میں سے پھر مل جانے کا واقعہ ایک پیش گوئی اور اس بھید کا پہلے سے آشکار ہوتا ہے۔

ہم مقدسہ مریم کے قریب رہیں گے۔ تا کہ اس کے ساتھ اور اس کی تمام مشکلات میں مضبوط رہ سکیں۔





**خروج 19:2-6** **زبور:99**

**رومیوں 5:6-11** **مقدس متی 9:36,10:8**

**" جب اُس نے ہجوم کو دیکھا تو اُس پر ترس آیا کیونکہ وہ اُن بھیڑوں کی مانند جن کا چرواہا نہ ہو"۔ مقدس متی 9:36**

خداوند یسوع مسیح آدمیوں کی مشکلات سے واقف ہے۔ کس چیز کی کمی ہے۔ بھیڑیں جو چرواہے کے بغیر ہیں۔ جن کے پاس سمت، رہنمائی، تحفظ اور زندگی کا مقصد نہیں ہے۔ یہ سب لوگوں کو کون دے گا۔ وہی ہے بالکل وہی خداوند یسوع مسیح جو کہ راہ، حق اور زندگی ہے۔ وہ اُنہیں بارہ شاگرد چنتے ہوئے یہ سب کچھ اُنہیں مہیا کرے گا جو صدیوں تک اسے ہر جگہ موجود رکھیں گے۔

**2 قرنتیوں 6:1-10** **زبور:97**

## مقدس متی 5:38-42

## ''ہم تُم سے منت کرتے ہیں کہ خدا کا فضل بے فائدہ مت پاؤ''۔ 2 قرنتیوں 6:1

جب ہم خدا کا فضل حاصل کرتے ہیں تو وہ ہم میں بہت پھل پیدا کرتا ہے۔ مقدس پولوس رسول وضاحت کرتا ہے۔ جیسے مشکلات میں قائم رہنا اور اذیتوں میں مستقل مزاج رہنا، جیسے دکھوں میں خوشی اور دوسروں کو پیار کرنے کی دولت ہو۔





**2۔قرنتیوں 8:1-9** **زبور:145**

## مقدس متی 5:43-48

## ''اپنے دشمنوں کو پیار کرو''۔مقدس متی 5:44

اے خداوند یسوع مسیح تیری تعلیمات درحقیقت نئی ہیں۔ تیرے لئے کوئی دشمن نہیں لیکن یہ صرف وہ انسان ہیں جو زیادہ محبت کے ضرورت مند ہیں۔ ایسی محبت جو اِن کے لئے ایک نئی زندگی کا تحفہ ہو۔ جب ایک دشمن کو پیار کیا جاتا ہے تو وہ مغلوب ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کی دشمنی مغلوب ہو گئی۔ اے خداوند یسوع مسیح مجھے سب سے زیادہ میرے احساسات پر فتح دلاتا کہ میں دشمنی کو مات دے سکوں۔

## مقدس الوشیس گنزاگا

2 قرنتیوں 9:6-11 زبور: 111

مقدس متی 6:1-6,16-18

**''ہر ایک جس طرح اس نے اپنے دل میں ٹھہرایا ہے اسی طرح دے'' 2 قرنتیوں 9:7**

خداوند یسوع مسیح ہمیں تاکید کرتا ہے کہ جب ہم خیرات کریں تو بے جا غرور کے بغیر کریں۔ اس کی حقیقی قدر کا علم صرف باپ کو ہے۔ اس کی افادیت صرف اسی کو ہے۔ مقدس پولوس رسول ہمیں فراخ دلی اور بغیر غرور کے زندگی بسر کرنے کی تاکید کرتا ہے۔ یہ حساب کتاب باپ پر چھوڑ دیں۔





## نولا کا مقدس پولینس، جان فشر اور تھامس مور

2۔قرنتیوں 1:1-11 زبور: 110

مقدس متی 6:7-15

**''تیری بادشاہی آئے''۔مقدس متی 6:10**

یہ بڑی خاص دعا ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ بادشاہی کا بادشاہ کون ہے۔ وہ خداوند یسوع مسیح ہے۔ اس لئے بادشاہی ہمارے درمیان ہے۔ لیکن ہم اس کی کھوج جاری رکھیں۔ کیونکہ بادشاہت حقیقت کا روپ دھارتی ہے جب ہر دفعہ ہم بادشاہ کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ ہم خوشی سے فرمانبرداری کرنے کا فضل اور مدد مانگیں۔

**2 قرنتیوں 11:18,21-30** — **زبور:33**

**مقدس متی 6:19-23**

## ''اپنے لئے زمین پر خزانہ جمع نہ کرو'' مقدس متی 6:19

یہ فریب ہے کہ ہم خزانے جمع کریں جو بعد میں چھوڑنے پڑیں یسوع ہمیں مشورہ دیتا ہے کہ خزانے آسمان پر جمع کریں جہاں وہ ابد تک رہیں گے۔ کیسے کیا جائے؟ جتنا کر سکو غریبوں کو دو جو اس زمین پر واپس نہیں دے سکتے۔ یہ سب غریبوں کے باپ کے دل پر لکھا جائے گا۔





## مقدس یوحنا اصطباغی کی پیدائش

**اشعیاہ 49:1-6** — **زبور:138**

**رسولوں کے اعمال 13:22-26** — **مقدس لوقا 1:57-66,80**

## ''اسی لمحے اس کی زبان کھل گئی''۔ مقدس لوقا 1:64

یہ مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والے کا باپ بزرگ ذکریاہ ہے جو اس وقت سے جب جبرائیل فرشتے نے اسے باپ بننے کی خبر دی گونگا ہو گیا تھا۔ اس نے خدا کے ممکنات پر ایمان کی کمی ظاہر کی تھی۔ اب جب کہ بچہ پیدا ہوا تو اس کے دل میں ایمان زندہ ہو گیا۔ وہ خدا کی تعریف منہ سے بیان کرتا ہے۔ جو کہ اپنے لوگوں کو بچانے ان کے درمیان آتا ہے۔

ارمیا 13-10:20 زبور:68

رومیوں 15-12:5 مقدس متی 33-26:10

**’’مت ڈرو تم بہت چڑیوں سے زیادہ قدر رکھتے ہو‘‘۔**

**مقدس متی 31:10**

یہ کس قدر خوش آئین بات ہے کہ ہمارے باپ کی نگاہ میں ہماری زندگی قدرو قیمت رکھتی ہے۔ ہم اس سے پوشیدہ نہیں رہ سکتے اور یہ ممکن نہیں ہو سکتا کہ وہ ہمیں بھول جائے۔ میں کسی چیز سے اور کسی شخص سے نہیں ڈروں گا۔ خداوند یسوع مسیح کی دعوت میرے لئے کافی ہے۔ یہ مجھے حوصلہ دیتی ہے۔





**مقدس وِجیلیو**

تکوین 9-1:12 زبور:32

مقدس متی 5-1:7

**’’میں انہیں ہر جگہ سے جہاں کہیں بھی منتشر ہوں اکٹھا کرونگا‘‘۔ حزقیال 12:34**

یہ ایک مشکل کام ہے جو مقدس وِجیلیو نے کیا جب وہ قرپنتو کا بشپ چنا گیا۔ وہ پہاڑوں اور وادیوں اور لادینیت کے اندھیروں میں خداوند یسوع مسیح کی پہچان کرواتا رہا۔ جو کہ امن وسلامتی اور بھائی چارے کا سرچشمہ ہے۔ اس طرح کلیسیاء میں بھیڑوں کو اکٹھا کیا جہاں انہیں حقیقی خوشی اور نئی زندگی ملی۔

## الیگزنیڈر کا مقدس سِرل

**تکوین 13:2,5-18**  **زبور: 14**

**مقدس متی 7:6,:12-14**

**"کتنا تنگ راستہ ہے جو زندگی کی طرف لے جاتا ہے"۔ متی 7:14**

اے خداوند یسوع مسیح تو ہمیں تنگ دروازے سے گزرنے کی دعوت دیتا ہے۔ اگرچہ یہ مشکل ہے۔ تنگ دروازہ وہ ہے جس میں سے تو گزر چکا ہے۔ وہی جس پر تو ہمارا منتظر ہے۔ تیری صلیب وہ راستہ نہیں جو موت کی طرف لے جاتا ہے۔ بلکہ جو زندگی کی بھرپوری دیتا ہے۔ وہ زندگی جو تو باپ کے ہمراہ جیتا ہے۔





## مقدس اریننس

**تکوین 15:1-12,17-18**  **زبور: 104**

**مقدس متی 7:15-20**

**"وہ درخت جو پھل نہیں لاتا۔ کاٹا اور آگ میں ڈالا جاتا ہے"۔ مقدس متی 7:19**

خداوند یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو خبردار کرنا چاہتا ہے۔ کہ ظاہری اچھائی کی مثالوں سے کھینچے جانے کے خطرے سے محتاط رہیں جو ہمیشہ موجود ہوتی ہیں۔ جھوٹے نبی وہ لوگ ہیں جو خدا کی بات کرتے ہیں۔ لیکن نہ اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں اور نا ہی اس کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں۔ اچھا پھل حقیقت کو آشکارہ کرتے ہیں۔ اچھا پھل وہ ہے جو خداوند یسوع مسیح کو پیش کرتا، اس کی قربت میں رہتا ہے۔ جبکہ بُرا پھل وہ جو اسے نظر انداز کرتا یا پھر اس سے دور ہو جاتا ہے۔

## مقدس پطرس اور پولوس رسول کی عید

رسولوں کے اعمال 11-1:12 زبور:33

2۔تیموتاؤس 18-17, 8-6:4 مقدس یوحنا 19-13:16

### دن کی عبادت

رسولوں کے اعمال 11-1:12 زبور:34

2۔تیموتاؤس 18-17, 8-6:4 مقدس یوحنا 19-13:16

**"تو المسیح ہے۔زندہ خدا کا بیٹا"۔مقدس متی 16:16**

ایمان کے اس اقرار میں دعا اور اس قوم کی اُمید ہے جس نے اپنے مخلصی دینے والے کا صدیوں سے انتظار کیا۔ یہ وہ ایمان ہے جس نے پطرس کی زندگی تبدیل کر کے رکھ دی محنت کے بغیر نہیں۔ یہ وہ ایمان ہے جو پولوس رسول کی ذہنیت کو نئی روشنی بخشی جو آئندہ کلیسیاء کو درپیش واقعات وحالات کو سمجھنے اور ان کی تجدید کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔





## روم کے شہدوں کا یومِ یادگار

تکوین 22-15,10-9,1:17 زبور:127

مقدس متی 4-1:8

**"میں چاہتا ہوں کہ تو پاک صاف ہو جائے"۔مقدس متی 3:8**

خداوند یسوع مسیح اس کوڑھی کو جواب دیتا ہے۔ جو اس پر ان الفاظ میں اعتبار کرتا ہے اگر تو چاہے تو مجھے پاک صاف کر سکتا ہے۔ خداوند یسوع مسیح کی مرضی باپ کی مرضی ہے کہ سب انسان اس کی حمد کریں وہ کوڑھی جو سب سے رد کیا گیا اب اپنے ایمان کی بدولت خود باپ سے قبول کیا گیا ہے۔